تلواڑ فلمز کا بہترین و نایاب شاہکار

ساقی

سٹوری و گانے

साकी

قیمت ار

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران:۔ مدھوبالا۔ پریم ناتھ۔ گوپ۔ پین گپتا۔ وغیرہ وغیرہ۔

خلاصہ

عشق نے کہا۔ میں تمہیں ایک نظر دیکھنا چاہتا ہوں۔ ادھر حسن کے گرد تلواروں کا پہرہ تھا۔ لیکن عشق تو تلوار کی دھار پر بھی سر کے بل چلنا جانتا ہے۔ موت سے ڈرنا کہاں۔ وہ تو موت کو راستے کی رکاوٹ بھی نہیں سمجھتا۔ یہ ارادہ اور بس پر جب عشق مچل اٹھے۔ تو پھر دنیا میں کون سی طاقت ہے جو اُسے روک سکے۔ پھر قدرت کو بھی اپنے اصول بدل دینے پڑتے ہیں۔ بڑھتے ہوئے عشق کیلئے سمندروں کو راستہ دینا پڑتا ہے۔ محبت کے دیوتا کا حکم ہے کہ نیکی کے فرشتے اور شیطان کو غلام سبھی اُن زندہ شہیدوں کا ساتھ دیں۔ جو پیار کے اُس راستے کو اپنا یا کہتے ہیں۔ جہاں دہکتے ہوئے انگاروں اور خون کے پیاسے کانٹوں پر قدم رکھتے ہوئے چلنا پڑتا ہے۔

گانے

نمبر ۱

رات شہانی مچلے جوانی۔ کیا کروں

دل کی کہانی۔ اپنی زبانی۔ کس کو سناؤں جانی۔ کیا کروں۔ اوئی اللہ

پہلو میں یار ہوتا دل میں قرار ہوتا۔

ہلکی سی چھیڑ ہوتی۔ ہلکا سا پیار ہوتا

جاگی ہے دل میں یاد پرانی ۔ کیا کروں ۔ اوئی اللہ ....
رات سہانی ......

چاند کے ساتھ ساتھ دلبر کی دید ہوتی
جلتے رقیب میرے میری تو عید ہوتی
آیا نہ دلبر دیکھے نشانی ۔ کیا کروں ۔ اوئی اللہ .....
رات سہانی .....

رفیعے نمبر ۲

ازل سے حسن پرستی لکھی تھی قسمت میں
گذر رہی ہے میری زندگی محبت میں
میرا مزاج لڑکپن سے عاشقانہ ہے
اداؤں حسن پہ اپنی نثار کرتا ہوں ۔ میرا تو کام یہی ہے کہ پیار کرتا ہوں
پر ایک بار نہیں بار بار کرتا ہوں
میرے لبوں پہ سدا عشق کا ترانہ ہے ۔ میرا مزاج .....
مجھے ڈرائیں گی کیا مشکلیں زمانے کی
کہ میرے سینے کو عادت ہے تیر کھانے کی
او حسن والو ضرورت نہیں نشانے کی
خوشی سے تیر چلاؤ یہ دل نشانہ ہے ۔ میرا مزاج لڑکپن سے .....

نمبر ۳

پاس نہیں آ بیٹھے ۔ ہاں ذرا نہ لگ بیٹھے

کیجئے نظارہ دُور دُور سے۔ کیجئے نظارہ دُور دُور سے
پہلا اصُول ہے پیار کے دربار کا۔ عرضی میں حال لکھو دلِ بیقرار کا
آگے مت جایئے۔ ہوش میں آجایئے
کیجئے نظارہ ......

پیار کے معاملوں میں جلدی نہ کیجئے،
اچھی طرح سوچئے پھر دل دیجئے،
حُسن دغا باز ہے پہلے آزمایئے۔
کیجئے نظارہ دُور دُور سے ....،

دل کو لگانا ہے تو ذرا دیکھ بھال کے
دلو، بڑے ٹیڑھے ہیں حسینوں کی چال کے
نظروں کی پیاس کو دُور سے بجھایئے
کیجئے نظارہ دُور دُور سے ....

نمبر ۹

آرزوئیں رو رہی ہیں حسرتیں برباد ہیں
ہم زمانے میں فقط اِک دکھ بھری فریاد ہیں
کسے معلوم تھا اِک دن محبت بے زباں ہوگی
کہاں دل
اُدھر ظالم آسماں جانے میری دُنیا کہاں ہوگی
کبھی اِک خواب دیکھا تھا میرے پہلو میں تم ہو گے
کہانی پیار کی آنکھوں ہی آنکھوں میں بیاں ہوگی

ساقی

ہو دل کا میری آنکھوں کا پانی بنکے کہتا ہے
نہ ہم ہوں گے نہ تم ہو گے ہماری داستاں ہوگی

نمبر ۵

آگئی ہے عشق پہ بہار ختم ہوا انتظار۔ زندگی بھی رنگ بدل گئی
یہ کون مسکرا گیا۔ نغمۂ دل سُنا گیا۔ شمع سی ایک جل گئی
جلتے تھے ہم کوئی زندگی میں آئیگا۔
دل پہ مسکرا کے پھر تیر سے چلائے گا
اپنا ہمیں بنائے گا
چھیڑیگا میرے دل کے تار۔ اور کہیگا یہ ہے پیار۔ زندگی بھی رنگ ...
آگئی ہے ....
دل میں جو سما چکے۔ پیار بنکے چھا چکے
اُن کی اِک ادا پہ ہم زندگی لُٹا چکے۔ اپنا اُنہیں بنا چکے۔
کہدے یہ کوئی ایک بار۔ اُن کو بھی ہے ہم سے پیار۔ زندگی بھی ...
آگئی ہے عشق پہ بہار .....

نمبر ۶

حسینہ سنبھل سنبھل کر چل۔ پڑ نہ جائیں کمر میں بل
بچا کے رکھنا اپنا دل۔ نظر سے کر دوں گی بسمل
نشانے پر ہے میرا دل۔ چلائے تیر ادا قاتل
پیار کی مشکل کٹے حل۔ حسینہ سنبھل سنبھل کے چل۔

جلا کے خاک کر دُونگی۔ میں قصہ پاک کر دوں گی
میں دیوانہ ہُوں پروانہ۔ مجھے آتا ہے جل جانا
اجازت ہو تو جاؤں جل۔ حسینہ۔۔۔۔
بڑے ہو ضد کے تم پکے۔ تمہیں آداب بجی مگر جھکے
جدا ہو تن سے سر میرا۔ مگر چھوڑوں نہ در تیرا
میرا عشق ہے یُوں پاگل۔ حسینہ۔۔۔۔۔۔

نمبر ۸

دِل پہلا، اور پیار دوسرا تیسری جوانی
ایک رات کو مِل گئے تینوں۔ بن گئی ایک کہانی
دِل نے مانگا ایک بہانہ پیار بہانہ ہو گیا
پیار نے مانگا ایک ٹھکانہ، دِل ہی ٹھکانہ ہو گیا
پیار سے دِل کی بات ہو گئی، ہنسنے لگی جوانی
دِل پہلا اور پیار دوسرا۔۔۔
دِل کو لیکر پیار بنایا۔ پیار کو لیکر دِل
دونوں آپس میں نہ مِلتے پڑ جاتی مُشکل
پیار نہ ہو تو دِل بھی نہ ہو، ہوتی بھرے جوانی۔ دِل پہلا اور۔۔۔۔

نمبر ۹

غم کی وادی میں خوشی کا کارواں کھونے لگا
عشق میں جو کچھ نہ ہونا تھا وہی ہونے لگا

کون سمجھے گا محبت کی بھلا مجبوریاں
دو دلوں کی چاہتیں دنیا کی نامنظوریاں
مسکرانے ہی سے پہلے پیار کیوں رونے لگا
عشق میں جو کچھ نہ ہونا تھا وہی ہونے لگا
سامنے آنکھوں کے میرے عشق کا انجام ہے
ہے اگر یہ زندگی تو موت کس کا نام ہے
رنج و غم جاگے نصیبا عشق کا سونے لگا عشق میں......

نمبر ۱

آسماں تجھ سے شکایت غم کے مارے کیا کریں
رات جن تاروں کی دشمن ہو وہ تارے کیا کریں
خوشی سے دور ہوں مجبور ہوں بے آسرا ہوں میں
ذرا سن لو کبھی ٹوٹے ہوئے دل کی صدا ہوں میں
میرے آگے بھی دنیا کسی دن سر جھکاتی تھی
اشارے پہ یہ میری راہ میں آنکھیں بچھاتی تھی
مگر اے دیکھنے والو کسی دنیا میں کیا ہوں میں۔ خوشی سے......
مجھے جھولا جھلایا ہے گلستاں کی ہواؤں نے
مجھے پالا بہاروں نے مگر لوٹا ہواؤں نے
چمن کی جان تھی اک دن چمن سے اب جدا ہوں میں۔ خوشی سے....

(ختم شد)

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۵۰ سے بھی زائد دلکش گانے درج کئے ہیں۔ جنہیں ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چنا ہے۔ اور جن کو زمانۂ حال کے مشہور ستاروں۔ مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ نمی۔ نورجہاں۔ ممتاز شانتی۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ ماسٹر سہگل۔ سرتی لعل۔ کرن دیوان۔ واسطی۔ چندرموہن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے وسننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپ کو بھول جاتا ہے۔ ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ ضرور اس نایاب چیز کو طلب کریں۔

قیمت مع محصولڈاک صرف ۱/۸/۰

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی